30-08-2024

08.30 Hrs

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ارجمند علی خان

پہلے اِس وقت کی اہم خبریں

---------------------------------------------------------

1 وزیر اعظم نریندر مودی آج ممبئی میں عالمی فِن ٹیک فیسٹ سے خطاب کریں گے۔ وہ مہاراشٹر کے پال گھر ضلعے میں 76 ہزار کروڑ روپے کی مالیت کے Vadhvan بندرگاہ پروجیکٹ کا سنگِ بنیاد بھی رکھیں گے۔

2 ہریانہ کے آئندہ اسمبلی انتخابات کیلئے امیدواروں کے ناموں کو قطعی شکل دینے کی خاطر نئی دلّی میں BJP کی مرکزی انتخابی کمیٹی کی میٹنگ ہوئی ہے۔

3 Moody نے اپنی درجہ بندی میں مالی سال 2024 کیلئے بھارت کی GDP کی شرحِ ترقی کے تخمینے کو بڑھا کر 7 اعشاریہ دو فیصد کردیا ہے۔

4 بہار میں پہلی اسپورٹس اکیڈمی اور اسپورٹس یونیورسٹی قائم کی جائے گی۔

5 بھارت کے ٹینس کھلاڑی روہن بوپنا اور اُن کے آسٹریلیائی کھلاڑی Matthew Ebden کی جوڑی نے نیویارک میں یو ایس اوپن ٹینس میں مردوں کے ڈبلز میں اپنا افتتاحی میچ جیت لیا ہے۔

6 اور

2024 کے پیرس پیرالمپک گیمز میں بھارت کی شیتل دیوی اور راکیش کمار پر مشتمل تیر اندازی کی مِکسڈ کمپاؤنڈ ٹیم نے 1399 کے مشترکہ اسکور کے ساتھ نیا پیرالمپک ریکارڈ قائم کیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM - Maharashtra Visit

وزیر اعظم نریندر مودی آج مہاراشٹر میں ممبئی اور پال گھر کا دورہ کریں گے۔ تقریباً صبح کے 11 بجے وزیر اعظم ممبئی میں جیو وَرلڈ کنونشن سینٹر میں عالمی فِن ٹیک فیسٹ سے خطاب کریں گے۔ اِس کے بعد دوپہر ڈیڑھ بجے جناب مودی پال گھر کے CIDCO گراؤنڈ میں مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ وہ Vadhvan بندرگاہ کا بھی سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ اِس پروجیکٹ کی

لاگت تقریباً 76 ہزار کروڑ روپے ہے۔ اس کا مقصد ایک عالمی طرز کی بحری گزرگاہ قائم کرنا ہے، تاکہ ملک میں تجارت اور اقتصادی ترقی کو فروغ حاصل ہوسکے۔ پال گھر ضلعے کے Dahanu کے نزدیک واقع Vadhvan بندرگاہ بھارت کی سب سے بڑی گہرے پانی کی بندرگاہوں میں سے ایک ہے اور یہ بین الاقوامی جہاز رانی کیلئے براہِ راست کنکٹی وٹی فراہم کرے گی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

*V/C - Jeevan Bhawasar*

*وزیر اعظم نریندر مودی کے تیسری مرتبہ عہدے کا حلف لینے کے بعد ہوئی پہلی کابینہ میٹنگ میں مرکزی حکومت نے Vadhvan بندرگاہ کو منظوری دے دی ہے۔ اِسے سبھی موسموں میں کام کرنے والی ایک اہم گرین فیلڈ بندرگاہ کے طور پر قائم کیا جائے گا۔ اِس بندرگاہ میں 9 کنٹینر ٹرمنل، 4 کثیر مقصدی بَرتھ، 4 لِکوِڈ کارگو بَرتھ، ایک Ro-Ro بَرتھ اور ایک ساحلی گارڈ بَرتھ ہوگی۔ امکان ہے کہ اِس بندرگاہ کے قائم ہونے سے تقریباً 12 لاکھ براہِ راست اور بالواسطہ روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ Vadhvan بندرگاہ کے تیار ہونے پر یہ دنیا کی اعلیٰ ترین 10 بندرگاہوں میں سے ایک ہوگی۔ اِس سے بھارت کے بحری رابطوں میں اضافہ ہوگا اور عالمی تجارت کے ایک مرکز کے طور پر ملک کی پوزیشن مزید مستحکم ہوگی۔*

*پال گھر سے Jeevan Bhawasar کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں حسین اختر۔*

وزیر اعظم تقریباً ایک ہزار 560 کروڑ روپے کی لاگت کے 218 ماہی گیری کے پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد بھی رکھیں گے۔ اِن اقدامات سے ماہی گیری کے شعبے میں 5 لاکھ سے زیادہ روزگار کے مواقع پیدا ہونے کی امید ہے۔×

New Bandra Terminus Madgaon

کامرس اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل اور ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کَل Borivali ریلوے اسٹیشن سے نئے باندرا ٹرمینس سے Madgaun تک ٹرین کے پہلے ٹرپ کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا، جو ہفتے میں دو بار چلے گی۔

ویڈیو کانفرنس کے ذریعے اپنے خطاب میں مرکزی وزیر نے کہا کہ ویسٹرن نواح سے کونکن کیلئے ٹرین سروس کی طویل عرصے سے جاری مانگ کو اب پورا کردیا گیاہے۔

مرکزی وزیر نے کہا کہ یہ ریگولر ٹرین ویسٹرن نواح سے کونکن خطے تک براہ راست کنکٹویٹی فراہم کرے گی۔

*S/B - 0815 - Ashvini Vaishnav - Rail*

.Jaishankar UGC Southampton Univ

یونیورسٹی گرانٹ کمیشن نے Southampton کی یونیورسٹی کو ارادے کا ایک خط سپرد کیا ہے جو 2020 کی تعلیم سے متعلق قومی پالیسی کے تحت بھارت میں ایک کیمپس قائم کرے گا۔ UGC کے چیئرمین ایم جگدیش کمار نے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کی موجودگی میں یہ خط یونیورسٹی کو حوالے کیا۔ اپنے خطاب میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ اس موقعے پر ہونے والی یہ تقریب بھارت اور برطانیہ کے درمیان مضبوط اور کثیر رخی باہمی تعلقات کا ایک ثبوت ہے جس میں تعلیم ایک اہم ستون ہے۔

*S/B - Dr Jaishankar*

She - Box Women

حکومت نے خواتین کیلئے کام کی جگہوں کو محفوظ بنانے کی خاطر 'شی باکس پورٹل' کا آغاز کیا ہے۔ خواتین اور بچوں کی بہبود کی وزیر Annpurna Devi نے کَل نئی دلّی میں مذکورہ پورٹل کا آغاز کیا۔

شی باکس پورٹل کام کی جگہ پر خواتین کو جنسی طور پر ہراساں کئے جانے کی شکایات کے اندراج کیلئے ایک مرکزی پلیٹ فارم ہے۔ یہ پلیٹ فارم شکایات درج کرانے، اِس کے تعلق سے کی جانے والی کارروائی کی صورتحال کا پتہ لگانے اور داخلی کمیٹیوں کی جانب سے درج کی گئی شکایات کی مقررہ مدت میں کارروائی کو یقینی بنانے میں سہولت فراہم کرتا ہے۔

اِس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے، خواتین اور بچوں کی بہبود کی وزیر Annpurna Devi نے کہا کہ کام کی جگہ پر جنسی طور پر ہراساں کئے جانے کی شکایات سے نمٹنے کیلئے زیادہ مؤثر اور محفوظ پلیٹ فارم فراہم کرنے میں یہ پہل ایک نہایت ہی اہم قدم ہے۔

انھوں نے کہا کہ حکومت ملک میں خواتین کیلئے محفوظ اور زیادہ شمولیت والا ماحول تشکیل دینے کے تئیں عہد بستہ ہے۔

انھوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ شی باکس پورٹل کی مدد کے ساتھ shebox.wcd.gov.in پر اپنی ذاتی معلومات کا اظہار کئے بغیر محفوظ طریقے سے شکایات درج کرائی جاسکتی ہیں۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

BJP CEC Meeting

کَل شام نئی دلّی میں پارٹی ہیڈ کوارٹر میں BJP کی مرکزی انتخابی کمیٹی کی میٹنگ ہوئی۔ وزیر اعظم نریندر مودی، وزیر داخلہ امت شاہ، BJP کے صدر جے پی نڈّا، پارٹی کے ہریانہ کے چناؤ انچارج اور مرکزی

وزیر دھرمیندر پردھان اور پارٹی کے دیگر سینئر رہنماؤں نے اِس میٹنگ میں شرکت کی۔ ہریانہ کے آئندہ اسمبلی انتخابات کیلئے امیدواروں کے ناموں کو قطعی شکل دینے کیلئے اِس میٹنگ کا اہتمام کیا گیا تھا۔

اِس دوران، کَل اِس سے پہلے نئی دلّی میں BJP کی ہریانہ کور کمیٹی کی میٹنگ بھی ہوئی۔ یہ میٹنگ جناب نڈا کی رہائش گاہ پر ہوئی، جس میں جناب شاہ، جناب پردھان اور پارٹی کے دیگر سینئر لیڈروں نے شرکت کی۔×

Gujarat Rains

بھارت کے محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ سواشٹر اور کَچھ میں ہوا کے گہرے دباؤ کا جو حلقہ بنا ہے اس کے اگلے 12 گھنٹے کے اندر شمال مشرقی بحیرۂ عرب میں مزید تیز ہوکر سمندری طوفان کی شکل اختیار کرنے کا امکان ہے۔ IMD نے آج سوراشٹر اور کَچھ کے حصوں میں دور-دور تک بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

اِس دوران گجرات میں پچھلے 24 گھنٹے میں بارش کی شدت میں کمی آگئی ہے۔ محض کَچھ، دیو بھومی، دوارکا اور جام نگر کو چھوڑ کر جہاں شدید بارش درج کی گئی ہے، زیادہ تر مقامات پر اوسط بارش ہوئی ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ وڈوڈرہ میں سیلاب کی صورتحال میں بہتری آرہی ہے، لیکن راحت اور بچاؤ کارروائیاں ابھی جاری ہیں۔

ایک رپورٹ

*V/C - Aparna Khunt*

*پچھلے 24 گھنٹے سے سوراشٹر اور Kutch کے زیادہ تر حصوں میں شدید بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ Kutch میں مشہور ساحلی شہر Mandavi بارش سے سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے جہاں پچھلے 12 گھنٹے کے دوران 12 انچ سے زیادہ بارش ریکارڈ کی گئی۔ Kutch اور دیوبھومی دوارکا سمیت سیلاب سے متاثرہ اضلاع میں سیلاب کے پیش نظر اسکول اور کالج بند رہیں گے۔*

*سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں راحت اور بچاؤ کارروائیاں جاری ہیں۔ پچھلے 24 گھنٹے میں ایک ہزار 700 سے زیادہ لوگوں کومحفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا ہے۔ ریاست میں 800 سے زیادہ سڑکیں اب بھی بند ہیں۔*

*احمدآباد سے اپرنا کھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں شبانہ رحمان۔*

IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے اوڈیشہ، ساحلی کرناٹک، کیرالہ اور ماہے میں اگلے دو سے تین روز کے دوران موسلادھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ اوڈیشہ اور ساحلی کرناٹک میں آج بہت شدید بارش ہوگی۔ اُس نے مزید کہا ہے کہ کیرالہ، ماہے، جنوبی کرناٹک کے اندرونی حصوں، ساحلی آندھراپردیش اور تلنگانہ میں آج بہت شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ اِس دوران شمال مشرقی بھارت میں اگلے چار سے پانچ روز کے دوران شدید بارش ہوگی۔ موسمیات سے متعلق ایجنسی نے آج سوراشٹر اور کَچھ میں، جبکہ چھتیس گڑھ اور وِدَربھ میں کَل بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔×

Moody's Rating

نیویارک میں قائم عالمی درجہ بندی سے متعلق ایجنسی Moody نے بھارت کیلئے اصل مجموعی گھریلو پیداوار کی شرحِ نمو کے اپنے تخمینے میں اضافہ کیا ہے۔ اُس نے مالی سال 2024 کیلئے 7 اعشاریہ دو فیصد شرحِ ترقی کا اندازہ لگایا ہے، جبکہ اِس سے پہلے 2024 کیلئے اُس نے 6 اعشاریہ آٹھ فیصد کا تخمینہ لگایا تھا۔ عالمی درجہ بندی سے متعلق ایجنسی نے 2025 کیلئے بھی اپنے اندازے میں تبدیلی کرتے ہوئے اِسے 6 اعشاریہ چھ فیصد رکھا ہے۔

Moody نے اِس بات کا اظہار کیا ہے کہ 2024 کی پہلی سہ ماہی میں بھارتی معیشت نے سخت اقتصادی پالیسی اور مالی استحکام کی خاطر کوششوں کے باوجود 7 اعشاریہ آٹھ فیصد کی شرح سے ترقی کی۔ اُس نے اِس بات کو بھی اُجاگر کیا ہے کہ صنعتوں اور خدمات سے متعلق دونوں شعبے خاطر خواہ ترقی کررہے ہیں۔×

Modi Pakistan SCO

پاکستان نے آئندہ شنگھائی تعاون تنظیم SCO میں شرکت کیلئے وزیراعظم نریندر مودی کو باضابطہ طور پر مدعو کیا ہے۔ یہ میٹنگ اِس سال اسلام آباد میں اکتوبر میں منعقد ہونی ہے۔ ہفتہ وار منعقدہ نیوز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان کی وزارت خارجہ کی ترجمان ممتا زہرہ بلوچ نے کہا کہ پاکستان نے 15 اور 16 اکتوبر کے دوران اسلام آباد میں ہونے والی سربراہان حکومت کی کونسل کی آئندہ میٹنگ کیلئے وزیراعظم نریندر مودی سمیت SCO رکن ممالک کے سبھی سربراہان حکومت کو مدعو کیا ہے۔x

Bihar Sports Academy

بہار کے وزیراعلیٰ نتیش کمار نے کَل راجگیر میں کھیلوں کے قومی دن کے موقعے پر ایک جدید کھیلوں کی اکیڈمی، اسپورٹس کمپلیکس اور اسپورٹس یونیورسٹی کا افتتاح کیا۔

اسپورٹس کمپلیکس کھیلوں کے دوران چوٹ لگنے والے کھلاڑیوں کے علاج کیلئے جدید سہولیات کے ساتھ 24 بستر والے اسپتال سے بھی آراستہ ہے۔

ہمارے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ یہ ملک میں اپنی نوعیت کا کھیلوں کا ایک پہلا مقام ہے جس میں ایک ہی مقام پر کھیلوں کاکمپلیس اور کھیلوں کی یونیورسٹی ہے۔

*V/C - Dharmendra*

*راجگیر اسپورٹس کمپلیکس میں انڈور اور آؤٹ ڈور کے مختلف 24 کھیلوں کی میزبانی کرنے کی سہولیات شامل ہیں۔ اِس میں تین مہارت کے سینٹر بھی ہیں، جنہیں کُشتی، ویٹ لفٹنگ اور ایتھیلیٹکس کیلئے قائم کیا گیا ہے۔ نئے باصلاحیت کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کیلئے کمپلیکس کے حدود میں کشتی، ویٹ لفٹنگ اور ایتھیلیٹکس کیلئے تین مہارت سینٹر قائم کئے گئے ہیں۔*

*راجگیر میں قائم کی گئی نئی اسپورٹس یونیورسٹی انڈر گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ کورسز کی سہولت فراہم کی جائے گی۔*

*اسپورٹس مینجمنٹ، اسپورٹس تغذیے اور اسپورٹ سائنس ٹیکنالوجی میں مہارت کے ساتھ 9 اسپورٹس یونیورسٹی میں انڈر گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ کورسز کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ اس میں کھیلوں کی ایک بڑی لائبریری ہوگی جو پٹیالہ کے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اسپورٹس کے بعد سب سے بڑی ہوگی۔*

*پٹنہ سے دھرمندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں حسین اختر۔*

Paris Paralympics

پیرس پیرالمپکس میں شیتل دیوی اور راکیش کمار پر مشتمل بھارت کی مکسڈ کمپاؤنڈ تیر اندازی کی ٹیم نے 1399 کے کمبائن اسکور کے ساتھ پیرالمپکس میں ایک نیا ریکارڈ قائم کیا ہے۔ جبکہ اگلے مہینے کی 2 تاریخ کو چوٹی کے کھلاڑیوں کی حیثیت سے دونوں بھارتی کھلاڑی کوارٹر فائنل میں پہنچیں گے۔

پیرس پیرالمپکس کے دوسرے دن بھارتی ایتھیلیٹس آج مختلف کھیلوں میں اپنی صلاحیت کا مظاہرہ کریں گے۔ ٹوکیو میں دوہرا تمغہ جیتنے والیAvani لیکھارا R2 خواتین کے دس میٹر ایئر رائفل SH1 کوالیفیکیشن اور فائنل راؤنڈ میں مقابلہ کریں گی، جس سے اُن کیلئے ایک اور تمغہ جیتنے کا امکان ہے۔ مونا اگروال بھی اسی ایونٹ میں مقابلہ کریں گی۔

بیڈمنٹن میں ٹوکیو پیرالمپکس میں چاندی کا تمغہ جیتنے والے Suhas Yathiraj اپنے دوسرے گروپ مرحلے کا میچ کھیلیں گے۔ اس کے علاوہ ایتھیلیٹکس مقابلے آج شروع ہوں گے جہاں بھارتی پیرا ایتھیلیٹس تمغے کیلئے مقابلوں میں حصہ لیں گے۔x

US Open Tennis

یو ایس اوپن ٹینس میں، بھارت کے ٹینس کھلاڑی  روہن بوپنا اور اُن کے آسٹریلیائی کھلاڑی Matthew Ebden کی جوڑی، ہالینڈ کے Robin Haase اور Sander Arends کو چھ-تین، سات-پانچ سے ہراکر دوسرے دور میں پہنچ گئی ہے۔ دوسرے درجے کی بھارت اور آسٹریلیا کی جوڑی آج دوسرے راؤنڈ کیلئے مقابلہ کرے گی۔

مردوں کے ڈبلز میں بھارت کے این سری رام بالاجی اور یوکی بھامبری اپنے متعلقہ ساتھی کھلاڑیوں کے ساتھ دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے ہیں۔

اِس سے پہلے خواتین کے سنگلز میں عالمی نمبر ایک کھلاڑی Iga Swiatek، جاپان کی کھلاڑی کو چھ-صفر، چھ-ایک سے ہراکر تیسرے دور میں پہنچ گئی ہیں۔

مردوں کے سنگلز میں عالمی نمبر ایک کھلاڑی Jannik Sinner بھی تیسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے ہیں۔×

Hockey

ہاکی انڈیا نے کَل اعلان کیا ہے کہ خواتین کی ایشین چمپئنس ٹرافی 2024 اِس سال 11 نومبر سے 20نومبر کے درمیان بہار کے راجگیر میں شروع ہوگی۔ یہ ہاکی انڈیا اور بہار سرکار کے درمیان ایک مشترکہ کوشش ہے اور ٹورنامنٹ کے سبھی میچ راجگیر ہاکی اسٹیڈیم میں کھیلے جائیں گے اور اس کے علاوہ ہاکی انڈیا کے صدر ڈاکٹر Dilip Trkey نے کہا ہے کہ یہ ہاکی اور بہار کیلئے ایک تاریخی لمحہ ہے کہ بہار پہلی مرتبہ بین الاقوامی ٹورنامنٹ کے میزبان کے فرائض انجام دے گا۔

پچھلے سال ہاکی جھارکنڈ نے رانچی میں خواتین کی ایشین چمپئنس ٹرافی کی میزبانی کی تھی جہاں بھارت چمپئن کے طور پر ابھرا تھا۔ توقع ہے کہ بھارت کے علاوہ چین، جاپان، کوریا، ملیشیا اور تھائی لینڈ اس ٹورنامنٹ میں شرکت کریں گے۔x

یہ تھی خبریں۔

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں:  شبانہ رحمٰن

شکریہ  -  ارجمند

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔

وزیر اعظم مودی نے کل کھیلوں کے قومی دن کے موقع پر ہم وطنوں کو مبارکباد دی۔ اس خبر کو روزنامہ ملاپ اور دیگر اخباروں نے سرخی بنایا ہے۔ ساتھ ہی اخباروں نے انڈین فارین سروس کے 2023 بیچ کے

ٹرینی افسران کی کل وزیر اعظم سے اُن کی رہائش گاہ پر ملاقات کی خبر کو بھی پیش کیا ہے اور جناب مودی کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ ’فارن سروس افسران کو ملک کی ثقافت کو فخر کے ساتھ آگے بڑھانا چاہئے‘۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا اور انقلاب سمیت کئی اخباروں نے جموں و کشمیر میں اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے میں 26 سیٹوں کے لئے نوٹیفکیشن جاری ہونے کی خبر کو پیش کیا ہے۔ اخبار لکھتا ہے کہ اس مرحلے کے تحت نامزدگیاں 5 ستمبر تک داخل کی جاسکتی ہے۔

ملک کی دوسری جوہری آبدوز ”آئی این ایس اریگھاٹ‘ بحریہ کے بیڑے میں شامل“ اِس خبر کو روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے پہلے صفحے پر پیش کیا ہے۔

اسی اخبار کی ایک اور سرخی ہے کہ بھارت اور جنوبی افریقہ کی بحریہ نے باہمی تعاون بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔

”دلّی این سی آر میں شدید بارش سے سڑکیں اور انڈر پاس زیرِ آب، کئی مقامات پر ٹریفک جام“، ”بنگلہ دیش میں سیلاب سے 31 افراد ہلاک“ اور ”نارائن پور میں انکاؤنٹر میں 3 نکسلیوں کے ہلاک“ ہونے کی خبریں بھی روزنامہ ملاپ کے پہلے صفحے پر ہیں۔

روزنامہ پرتاپ کی ایک خبر ہے کہ خواتین اور بچوں کی بہبود کی وزارت نے خواتین کیلئے شی باکس پورٹل کا آغاز کیا، جو کام کی جگہ پر خواتین کو جنسی طور ہراساں کئے جانے کی شکایات کے اندراج اور نگرانی کیلئے ایک مرکزی پلیٹ فارم ہے۔

★★★

**<u>آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر</u>**

1 وزیر اعظم نریندر مودی آج ممبئی میں عالمی فِن ٹیک فیسٹ سے خطاب کریں گے۔ وہ مہاراشٹر کے پال گھر ضلعے میں 76 ہزار کروڑ روپے کی مالیت کے Vadhvan بندرگاہ پروجیکٹ کا سنگِ بنیاد بھی رکھیں گے۔

2 ہریانہ کے آئندہ اسمبلی انتخابات کیلئے امیدواروں کے ناموں کو قطعی شکل دینے کی خاطر نئی دلّی میں BJP کی مرکزی انتخابی کمیٹی کی میٹنگ ہوئی ہے۔

3 Moody نے اپنی درجہ بندی میں مالی سال 2024 کیلئے بھارت کی GDP کی شرحِ ترقی کے تخمینے کو بڑھا کر 7 اعشاریہ دو فیصد کردیا ہے۔

4 بہار میں پہلی اسپورٹس اکیڈمی اور اسپورٹس یونیورسٹی قائم کی جائے گی۔

5 بھارت کے ٹینس کھلاڑی روہن بوپنا اور اُن کے آسٹریلیائی کھلاڑی Matthew Ebden کی جوڑی نے نیویارک میں یو ایس اوپن ٹینس میں مردوں کے ڈبلز میں اپنا افتتاحی میچ جیت لیا ہے۔

6 اور

2024 کے پیرس پیرالمپک گیمز میں بھارت کی شیتل دیوی اور راکیش کمار پر مشتمل تیر اندازی کی مِکسڈ کمپاؤنڈ ٹیم نے 1399 کے مشترکہ اسکور کے ساتھ نیا پیرالمپک ریکارڈ قائم کیا ہے۔

**اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔**

--------------------------------------